## چارسدہ میں خودکش بم دھماکہ صوبہ سرحد کی حکومت کی ناکامی اور نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ارکان قومی اسمبلی
## صوبہ سرحد کے عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے وفاقی حکومت فوری طور پر مداخلت کرے
## قیام امن میں ناکامی پر سرحد حکومت کے خلاف مناسب ایکشن لیا جائے

کراچی۔۔۔29،اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ چارسدہ میں گزشتہ روز ہونے والا ہولناک خودکش بم دھماکہ صوبہ سرحد کی حکومت کی ناکامی اور نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔اپنے ایک بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے صوبہ سرحد کی حکومت کو28اپریل کو چارسدہ میں ہونے والے جلسہ عام میں دھماکے کی پیشگی اطلاع دی جاچکی تھی اور جلسہ عام میں سیکوریٹی کے انتظامات کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری تھی لیکن صوبہ سرحد کی حکومت نے مناسب حفاظتی اقدامات نہیں کئے جس کے نتیجے میں خودکش بم دھماکے کا اتنا بڑا واقعہ پیش آیا اور صوبہ کے درجنوں شہریوں کی جانیں گئیں۔ارکان قومی اسمبلینے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران صوبہ سرحد کے مختلف شہروں میں کئی خودکش بم دھماکے ہوچکے ہیں جن میں فوج اور پولیس کے اہلکاروں اور منتخب ناظمین سمیت سینکڑوں افراد ہلاک وزخمی ہوچکے ہیں۔اسی طرح پشاور، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان، چارسدہ اور پارہ چنار سمیت صوبہ سرحد کے مختلف شہروں میں بم دھماکوں، تخریب کاریوں اور دہشت گردی کی درجنوں وارداتیں ہوچکی ہیں، ڈیرہ اسماعلیل خان میں آج کل بھی کرفیو لگا ہوا ہے۔اس وقت پورا صوبہ سرحد بم دھماکوں، دہشت گردی، بدامنی اور لاقانونیت کا گڑھ بنا ہوا ہے اور متحدہ مجلس عمل کی صوبائی حکومت صوبہ سرحد میں دہشت گردی پر قابو پانے ،امن وامان برقرار رکھنے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔ارکان قومی اسمبلینے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیر اعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد کے عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے وفاقی حکومت فوری طور پر مداخلت کرے اور امن وامان کے قیام میں ناکامی پر سرحد حکومت کے خلاف مناسب ایکشن لیا جائے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے وزیر داخلہ آفتاب شیر پاؤ کی فون پر خیریت دریافت کی
## مذہبی انتہا پسندی ملک کیلئے ناسور بن گئی ہے،خودکش حملے کرنے والوں نے اسلام اور پاکستان کا امیج خراب کیا ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق
## یہ ملک کی سلامتی وبقاء کا معاملہ ہے، مذہبی انتہا پسندی کے خاتمہ کیلئے اپوزیشن کو بھی حکومت کا ساتھ دینا چاہیے
## متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سانحہ پر اظہار یکجہتی ہمارے لئے باعث تقویت ہے۔آفتاب شیر پاؤ

لندن۔۔۔29 اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے آج وفاقی وزیر داخلہ آفتاب شیر پاؤ کو فون کرکے انکی خیریت دریافت کی اور گزشتہ روز چارسدہ میں ہونے والے خودکش بم دھماکے کے سانحہ پر آفتاب شیر پاؤ سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا اور ان سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔انہوں نے آفتاب شیر پاؤ سے کہا کہ گزشتہ روز ہونیوالا خودکش بم دھماکہ براہ راست آپ پر حملہ تھا اور ہم دہشت گردی کے اس سنگین واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہیں۔انہوں نے آفتاب شیر پاؤ سے مزید کہا کہ آپ اور آپکی پارٹی اپنے آپ کو ہرگز اکیلا نہ سمجھے،اس کڑے وقت میں ایم کیوایم آپ کے اور آپکی پارٹی کے ساتھ ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ مذہبی انتہا پسندی ملک کیلئے ناسور بن گئی ہے اور مذہب کے نام پر خودکش حملوں اور دہشت گردی کی کارروائیاں کرنے والوں نے پوری دنیا میں اسلام اور پاکستان کا امیج خراب کیا ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ مذہبی انتہا پسند عناصر خودکش حملوں کے ذریعے نہ صرف معصوم وبے گناہ شہریوں کا خون بہا رہے ہیں بلکہ اس طرح ملک کو بھی غیر مستحکم کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ ملک کی سلامتی وبقاء کا معاملہ ہے لہٰذا اپوزیشن کو بھی چاہیے کہ وہ حکومت پر ضرور تنقید کرے لیکن مذہبی انتہا پسندی کے خاتمہ کیلئے اسے سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر حکومت کا ساتھ دینا چاہیے اور حکومت کے ہاتھ مضبوط کرنے چاہئیں۔ڈاکٹر عمران فاروق نے سانحہ میں جاں بحق ہونیوالوں کیلئے دعائے مغفرت کی اور آفتاب شیر پاؤ کے صاحبزادے سمیت تمام زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔وزیر داخلہ آفتاب شیر پاؤ نے سانحہ پر اظہار یکجہتی کرنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ڈاکٹر عمران فاروق کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا اظہار یکجہتی ہمارے لئے باعث تقویت ہے اور میں یہ پیغام اپنی پارٹی کے تمام کارکنوں تک پہنچاؤں گا۔

## چارسدہ میں خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والوں کی نماز جنازہ میں ایم کیوایم کے مقامی رہنماؤں کی شرکت
## ایم کیوایم سرحد آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے لیڈی ریڈنگ اسپتال پشاور میں بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی

پشاور۔۔۔29 اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبہ سرحد آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان زبیر انجم،اصغر شاہ اور ایم کیوایم ضلع چارسدہ کے آرگنائزر اور کمیٹی کے ارکان نے پشاور کے لیڈی ریڈنگ اسپتال جاکر گزشتہ روز چارسدہ میں ہونے والے خودکش بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی۔انہوں نے زخمیوں کی خیریت دریافت کی،ان سے متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنوں کی جانب سے ہمدردی کا اظہار کیا اور انکی جلد صحتیابی کی دعا کی۔دریں اثناء ایم کیوایم ضلع چارسدہ کے ضلعی آرگنائزر اور ضلعی کمیٹی کے ارکان نے آج خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والوں کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور جاں بحق ہونے والوں کیلئے دعائے مغفرت کی۔

## تحریک پاکستان کے کارکن اور ملک کے ممتاز شاعر، دانشور اور کالم نگار جناب جمیل الدین عالی کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش
## جمیل الدین عالی علم ودانش اور تاریخ کی چلتی پھرتی یونیورسٹی اور قوم کا سرمایہ ہیں، عوام ان کی صحتیابی کیلئے دعا کریں

لندن۔۔۔29، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تحریک پاکستان کے کارکن اور ملک کے ممتاز شاعر، دانشور اور کالم نگار جناب جمیل الدین عالی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جناب جمیل الدین عالی علم ودانش اور تاریخ کی چلتی پھرتی یونیورسٹی ہی نہیں بلکہ قوم کا سرمایہ ہیں اور ان کی علالت قوم کیلئے باعث تشویش ہے۔ جناب الطاف حسین نے تمام کارکنان وعوام سے اپیل کی کہ وہ جناب جمیل الدین عالی کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا کریں۔

## چارسدہ میں خودکش بم دھماکہ صوبہ سرحد کی حکومت کی ناکامی اور نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ارکان قومی اسمبلی
## صوبہ سرحد کے عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے وفاقی حکومت فوری طور پر مداخلت کرے
## قیام امن میں ناکامی پر سرحد حکومت کے خلاف مناسب ایکشن لیا جائے

کراچی۔۔۔29، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ چارسدہ میں گزشتہ روز ہونے والا ہولناک خودکش بم دھماکہ صوبہ سرحد کی حکومت کی ناکامی اور نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اپنے ایک بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے صوبہ سرحد کی حکومت کو 28 اپریل کو چارسدہ میں ہونے والے جلسہ عام میں دھماکے کی پیشگی اطلاع دی جاچکی تھی اور جلسہ عام میں سیکوریٹی کے انتظامات کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری تھی لیکن صوبہ سرحد کی حکومت نے مناسب حفاظتی اقدامات نہیں کئے جس کے نتیجے میں خودکش بم دھماکے کا اتنا بڑا واقعہ پیش آیا اور صوبہ کے درجنوں شہریوں کی جانیں گئیں۔ ارکان قومی اسمبلینے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران صوبہ سرحد کے مختلف شہروں میں کئی خودکش بم دھماکے ہوچکے ہیں جن میں فوج اور پولیس کے اہلکاروں اور منتخب ناظمین سمیت سینکڑوں افراد ہلاک وزخمی ہوچکے ہیں۔ اسی طرح پشاور، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان، چارسدہ اور پارہ چنار سمیت صوبہ سرحد کے مختلف شہروں میں بم دھماکوں، تخریب کاریوں اور دہشت گردی کی درجنوں وارداتیں ہوچکی ہیں، ڈیرہ اسماعلیل خان میں آج کل بھی کرفیو لگا ہوا ہے۔ اس وقت پورا صوبہ سرحد بم دھماکوں، دہشت گردی، بدامنی اور لاقانونیت کا گڑھ بنا ہوا ہے اور متحدہ مجلس عمل کی صوبائی حکومت صوبہ سرحد میں دہشت گردی پر قابو پانے، امن وامان برقرار رکھنے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔ ارکان قومی اسمبلینے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد کے عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے وفاقی حکومت فوری طور پر مداخلت کرے اور امن وامان کے قیام میں ناکامی پر سرحد حکومت کے خلاف مناسب ایکشن لیا جائے۔

## پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر ایلڈرز ونگ کے رکن محمد افضل انتقال کر گئے
## میوہ شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، جنازے میں حق پرست نمائندوں، کارکنوں اور ذمہ داروں کی شرکت

کراچی۔۔۔29، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرز ونگ پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد افضل خان ولد مینگل خان برین ہیمرج کے باعث لاہور میں انتقال کر گئے (انا لللہ وانا اللہ راجعون) مرحوم کی عمر 58 سال تھی اور انہوں نے سوگواران میں 2 بیٹے اور 2 بیٹیاں چھوڑی ہیں، محمد افضل بیٹے کی شادی کے سلسلے میں لاہور گئے ہوئے تھے جہاں انہیں برین ہیمرج ہوا اور انہیں فوری طور پر مقامی اسپتال لیجایا جارہا تھا کہ وہ طبّی امداد ملنے سے پہلے ہی خالق حقیقی سے جاملے۔ محمد افضل خان مرحوم کو میوہ شاہ قبرستان کراچی میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ موتی مسجد کلیٹن کوارٹر میں ادا کی گئی۔ جنازے میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی ڈاکٹر صغیر انصاری، نائب ٹاؤن ناظم گلشن ٹاؤن شعیب اختر، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز، ایلڈرز ونگ کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج واراکین، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد افضل خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کی سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد افضل خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔29، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد افضل خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد افضل خان مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ افضل خان مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## روزنامہ خبریں کراچی کے سینئر نیوز ایڈیٹر آصف رانا کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ خبریں کراچی کے سینئر نیوز ایڈیٹر آصف رانا کے والد محمد اسماعیل کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے آصف رانا سمیت مرحوم کے تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد اسماعیل مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## گہوارہءادب کے تحت چوتھا ''پاک ہند دوستی'' مشاعرہ کل ناظم آباد کے انو بھائی پارک میں ہوگا
## پاکستان اور انڈیا کے معروف شعراء کرام اپنا کلام پیش کریں گے

کراچی۔۔۔29، اپریل 2007ء

گہوارہءادب کے زیراہتمام چوتھا ''پاک ہند دوستی مشاعرہ'' کل بروز پیر 9 بجے شب انو بھائی پارک ناظم آباد منعقد ہوگا جس میں پاکستان اور ہندوستان سے تعلق رکھنے والے معروف شعراء کرام اپنا کلام پیش کریں گے۔مشاعرے میں علم ودانش اور ادب کی دنیا سے تعلق رکھنے والے اہل زوق حضرات شرکت کریں گے جبکہ خواتین کیلئے علیحدہ نشستوں کا انتظام رکھا گیا ہے۔مشاعرے کے سلسلے میں گوارہء ادب کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں بینرز آویزاں کئے گئے ہیں۔عوام کی جانب سے اس مشاعرے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا جارہا ہے اور لوگ اپنی فیملیوں کے ہمراہ انو بھائی پارک کا دورہ کررہے ہیں۔دریں اثناء گہوارہءادب اور مشاعرہ آرگنائزنگ وانتظامی کمیٹی نے ہفتے کو پاک ہند دوستی مشاعرے کے انتظامات کا جائزہ لیا اور انتظامات کو حتمی شکل دی۔چوتھے پاک وہند دوستی مشاعرے میں شرکاء کرام کیلئے فرشی نشستوں کا انتظام کیا گیا جبکہ شرکاء کیلئے دعوت عام ہے واضح رہے کہ گہوارہ ادب تہذیبی، ثقافتی وادبی سرگرمیوں کے ذریعے مثبت سوچ اور صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے مصروف عمل ہے سالہائے گزشتہ کی طرح اس سال بھی گہوارہ ادب کے تحت تہذیبی، ثقافتی اور ادبی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے چوتھے پاک ہند دوستی مشاعرہ کا اہتمام کیا گیا ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن محمد فاروق تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج

کراچی۔۔۔29، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-137 کے کارکن محمد فاروق ولد محمد شریف کوفوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط کے اصولوں پر سختی سے عمل کرتے ہوئے محمد فاروق ولد محمد شریف سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆